| سبقی منصوبہ بندی:1 | مضمون:اسلامیات | جماعت:اوّل | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:6 پہلا دن | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید (سورۃ اللھب) | باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قرآن مجید کی آخری چار سورتوں کی تلاوت کر سکیں۔
- سورۃ اللھب درست تلفّظ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سورۃ اللھب کا نام خوش خط لکھیں اور طلبہ کو بتائیں کہ یہ سورت قرآن مجید کے تیسویں پارے میں ہے۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں اور طلبہ کو بتائیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ اس کی تعلیمات کو سمجھنا اور ان پر عمل کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔
- قرآن مجید کی تلاوت کے آداب کی دہرائی کروائیں اور انھیں بتائیں کہ قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے وضو کرنا چاہیے۔ تلاوت شروع کرنے پہلے تعوذ اور تسمیہ پڑھنی چاہیے۔ قرآن مجید کو ادب سے اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے۔
- طلبہ کو سورۃ اللھب کے بارے میں بتائیں کہ یہ سورت قرآن مجید کے تیسویں پارے میں ہے۔ اور اس کی پانچ آیات ہیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 8 کھولنے کی ہدایت دیں۔ انھیں بتائیں کہ آج ہم سورۃ اللھب کی پہلی آیت کی تلاوت کریں گے۔
- طلبہ کو آیت کا نشان دکھائیں اور بتائیں کہ جس جملے کے بعد یہ نشان ہو گا وہ ایک آیت کہلائے گی۔

- درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود آیت " تَبَّتۡ يَدَآ اَبِىۡ لَهَبٍ وَّتَبَّ ؕ‏ ۝١ " پڑھیں اور طلبہ کو ہدایت دیں ہر لفظ کو سنتے ہوئے اس پر انگلی رکھیں اور سبق پر توجہ دیں۔
- ہر لفظ کی ادائی پر زور دیں اور ہر لفظ کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں تا کہ طلبہ بآسانی ہر لفظ کی ادائی کا طریقہ سمجھ سکیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ اب وہ پڑھنے کی کوشش کریں۔ ہر حرف کی حرکت کی ادائی پر خاص توجہ دیں۔
- طلبہ کو آگاہ کریں اگر حرکات کی ادائی کا خیال نہ رکھا جائے تو لفظ کے معنی بدل جاتے ہیں اور ثواب کی بجائے گناہ ہوتا ہے لہٰذا خیال رکھا جائے کہ ہر لفظ کو درست تجوید کے ساتھ ادا کیا جائے۔
- تمام طلبہ سے باری باری سورۃ اللھب کی پہلی آیت کی پڑھائی کروائیں اور قواعد اور تجوید کا بھی خیال رکھیں۔

**اعادہ:**

N/A

**جائزہ:** **8منٹ**

سورۃ اللھب کی پہلی آیت ہر بچے سے سنیں اور غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ کمزور بچوں پر خصوصی توجہ دیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سورۃ اللھب کی پہلی آیت دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

درست تلفظ کے ساتھ آیت کی تلاوت کریں۔

# تَبَّتۡ يَدَآ اَبِىۡ لَهَبٍ وَّتَبَّ ؕ‏ ۝١

| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 دُوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قرآن مجید کی آخری چار سورتوں تلاوت کر سکیں۔
- سورۃ اللھب درست تلفّظ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سورۃ اللھب کا نام خوش خط لکھیں۔ طلبہ کو سورۃ اللھب کا شانِ نزول بتائیں کہ یہ سورت نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے چچا ابو لھب کے انجام کے متعلق نازل ہوئی جو اسلام کا سب سے بڑا دشمن تھا۔ طلبہ کو بتائیں کہ اس سورت کی پانچ آیات ہیں پچھلے سبق میں طلبہ ایک آیت کی تلاوت کر چکے ہیں۔ آج آیت نمبر 2 اور 3 کی تلاوت کرنا سیکھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 8 کھولنے کی ہدایت دیں اور انھیں تاکید کریں کہ قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے باادب ہو کر بیٹھیں۔
- طلبہ سے سورۃ اللھب کی آیت نمبر 1 کی تلاوت درست تلفّظ سے سنیں۔ اچھا سبق پڑھنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ جن بچوں کو پہلی آیت پڑھنے میں دِقّت محسوس ہو۔ انھیں دوبارہ پڑھائیں۔
- سورۃ اللھب کی دوسری اور تیسری آیت (مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝٢ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝٣) کی تلاوت پہلے خُود کریں۔ ہر لفظ کو مکمل تجوید اور درست تلفّظ کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر ادا کریں۔ طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ سبق کو غور سے سنیں۔

- اس کے بعد طلبہ سے پہلے آیت نمبر 2 کے ہر لفظ کی ادائی کروائیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ طلبہ حرکات اور مخارج کے ساتھ ہر لفظ کو ادا کریں۔
- طلبہ کو آیت نمبر 2 کی تین سے پانچ بار مشق کروائیں۔
- آیت نمبر 2 کے بعد آیت نمبر 3 کی درست تلفّظ کے ساتھ ادائی کروائیں۔
- ہر بچے کے تلفّظ اور ادائی پر خاص توجہ دیں۔
- طلبہ کو آیت نمبر 3 کی تین سے پانچ بار مشق کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **0منٹ** |

N/A

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **8منٹ** |

طلبہ کو ہدایت دیں کہ کتاب سے صفحہ نمبر 8 کی پہلی 3 آیات کی تلاوت کریں کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

طلبہ سورۃ اللھب کی پہلی تین آیات گھر میں والدین یا کسی بڑے کو سنائیں۔

| | |
|---|---|
| **سرگرمی برائے طلبہ:** | **5منٹ** |

طلبہ کے تین گروپس بنائیں اور ہر گروپ سے سورۃ اللھب کی پہلی، دوسری اور تیسری آیت کی تلاوت سنیں۔ بہترین تلاوت کرنے والے طلبہ کے گروپ کی حوصلہ افزائی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید (سورۃ اللھب) | |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قرآن مجید کی آخری چار سورتوں تلاوت کر سکیں۔
- سورۃ اللھب درست تلفّظ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سورۃ اللھب کا نام خوش خط لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے سوالات پوچھیں:

الف: سورۃ اللھب کس پارے میں ہے؟

ب: سورۃ اللھب کس کے متعلق نازل ہوئی؟

ج: سورۃ اللھب کی آیات کتنی ہیں؟

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب صفحہ نمبر 8 سے سورۃ اللھب کی پہلی تین آیات کی درست تلفّظ کے ساتھ تلاوت سنیں۔
- جن طلبہ کو پڑھنے میں دِقّت محسوس ہو رہی ہو انھیں الفاظ کے ہجے کروائیں اور پھر پڑھائیں تاکہ ہر لفظ کی ادائی طلبہ ذہن نشین کر لیں۔
- استاد صاحب سورۃ اللھب کی آخری دو آیات (وَّامْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۚ﴿۴﴾ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ﴿۵﴾) کی تلاوت پہلے خود کریں۔ اور طلبہ کو ہدایت دیں ہر لفظ کو غور سے سنیں اور پڑھنے کی کوشش کریں۔
- پڑھتے وقت الفاظ کے تلفّظ اور حرکات و اعراب کا خاص خیال رکھیں اور طلبہ کو بھی تاکید کریں کہ ہر لفظ کو درست تلفّظ کے ساتھ ادا کریں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ اگر حرکات کا خیال نہ رکھا جائے تو لفظ کے معنیٰ بدل جاتے ہیں اور غلطی کا احتمال ہو سکتا ہے۔
- طلبہ کو ہر آیت کی تین سے پانچ بار دہرائی کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **5منٹ** |

سورۃ اللھب کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:**

N/A

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

سورۃ اللھب کو گھر میں والدین یا کسی بڑے کو سنائیں۔

| | |
|---|---|
| **سرگرمی برائے طلبہ:** | **8منٹ** |

طلبہ سورۃ اللھب سے متعلق معلومات لکھیں۔

# سورۃ اللھب

آیات کی تعداد: ____________________

پارہ نمبر: ____________________